دی سٹی اسکول

نارتھ ناظم آباد بوائز کیمپس

اُردو ورک شیٹ

معلمات: حمیرا کامران / فرح

جماعت ہفتم   تاریخ: ۲۳ مارچ ۲۰۱۷ء

تفہیم

برِ صغیر پاک و ہند میں نظریہ پاکستان اسی دن وجود میں آ گیا تھا جب برصغیر کے باسیوں کا پہلا فرد رسولِ ہاشمی ؐ کی قوم کا فرد ہو گیا تھا۔ اس کی شناخت کلمہ ٹھہرا اور یہ علاقہ ایک نہیں دو قوموں کا مسکن بن گیا۔ برِصغیر میں جس قوم کو عددی برتری حاصل تھی وہ ہندو قوم تھی۔ مسلمان قوم مذہبی، معاشی، معاشرتی، تہذیبی، ثقافتی اور ادبی لحاظ سے الگ شناخت کی حامل ہے۔ دوسری قوم الگ پہچان رکھتی ہے۔ قومی وجود کا یہ نظریہ دو قومی نظریہ کہلاتا ہے۔ اسی لیے کہا جاتا ہے "قومیت کی تعریف چاہے جس طرح کی جائے، اس کی رو سے مسلمان ایک الگ قوم کی حیثیت اور پہچان رکھتے ہیں" یہ وہی نظریہ ہے جسے مجدد الف ثانی ؒ اور شاہ ولی اللہ نے سینچا قائدِ اعظم اور علامہ اقبال نے قوتِ گویائی بخشی۔ یہی نظریہ الگ مسلم ملک کی بنیاد بنا۔ ایسے تمام افراد کا احترام جنھوں نے دو قومی نظریے کے لئے تن من دھن سے کوشش کی، ہم سب پر لازم ہے۔ خاص کر اُن علماء اور اولیاء کا جن کی سوچ و فکر نے تحریکِ پاکستان میں دو قومی نظریہ کی اساس پر الگ وطن کے تصور کو اجاگر کیا۔ ان مردانِ حق کی تعداد گنی نہیں جا سکتی لیکن چند ایک نام ایسے ہیں جو تاریخ کا مستقل حصہ بن گئے ہیں۔ ان ناموں میں سید احمد شہیدؒ، سید اسماعیل شہیدؒ، مولانا عبید اللہ سندھیؒ، مولانا احمد رضا خان بریلویؒ، مولانا اشرف تھانویؒ، مولانا مرتضی احمد خاں میکشؒ مولانا مودودیؒ، مولانا عبدالستار نیازیؒ، مولانا شبیر احمد عثمانیؒ، مولانا ظفر احمد عثمانیؒ، حافظ کفایت حسینؒ، پیر جماعت علی شاہؒ، وہ بڑے نام ہیں جو دو قومی نظریے اور آزاد مسلم مملکت کے تصور و تشکیل سے منسلک رہے۔ تحریکِ پاکستان اور دو قومی تشخص میں علما اور مشائخ کا کردار اپنی مثال آپ ہے۔ مذکورہ بالا علمائے حق کے ساتھ ساتھ علامہ شبیر احمد عثمانیؒ کی خدمات بھی کم نہیں۔ آپ طویل غور و خوض کے بعد اس نتیجے پر پہنچے کہ حصولِ پاکستان کی خاطر مسلم لیگ کی تائید و حمایت کرنی چاہیے۔ اگر اس وقت مسلم لیگ ناکام ہو گئی تو پھر شاید ایک مدت تک مسلمانوں کو اس ملک میں پنپنے کا موقع نہیں ملے گا۔ پاکستان معرضِ وجود میں آ گیا تو قائدِ اعظمؒ نے تحریکِ پاکستان میں علما اور مشائخ کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے مغربی پاکستان میں علامہ شبیر احمد عثمانیؒ اور مشرقی پاکستان میں مولانا ظفر احمد عثمانیؒ کو پرچم کشائی کا شرف بخشا۔

سوال نمبرا: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دیجیے۔

ا۔ دو قومی نظریے سے کیا مراد ہے؟

۲۔ برِصغیر میں اسلام کے تیزی سے پھیلنے کی کیا وجہ تھی؟

۳۔ تحریکِ پاکستان میں حصہ لینے والے آٹھ علما کے نام لکھیے؟

۴۔ برِصغیر میں کس قوم کو عددی برتری حاصل تھی؟

سوال نمبر۲۔ دیئے گئے الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

فرد --------------------

احترام --------------------

شناخت --------------------

کوشش --------------------

سوال نمبر۳۔ دیئے گئے جمع کے واحد پیراگراف سے تلاش کرکے لکھیں۔

ولی ----------------، اقوام --------------------

افراد ----------------، افکار --------------------

سوال نمبر۴۔ دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

حیثیت ، --

قومیت ، --

قوتِ گویائی ، --

اعتراف ،---